SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۹۹

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1999

سندھ شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۹

THE SINDH URBAN IMMOVABLE PROPERTY TAX (AMENDMENT) ORDINANCE, 1999

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۵۸ کے سندھ ایکٹ میں دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act of 1958
۳۔ ذیلی دفعہ (2-A) کے بعد نئی ذیلی دفعہ کا اضافہ
Insertion of new Sub Section after section (2-A)
۴۔ ذیلی دفعہ (۴) کو ختم کرنا
Omission of Sub Section (4)
۵۔ دفعہ ۴ کی شق (f) کی تبدیلی
Substitution of clause (f) of section 4
۶۔ دفعہ 5-A کے بعد نئی دفعہ کا اضافہ
Addition of new section after section 5-A
۷۔ دفعہ 7-C کے بعد نئی دفعہ کا اضافہ
Addition of Section after Section 7-C
۸۔ دفعہ ۸ کی ذیلی دفعہ (۲) میں تبدیلی
Substitution in Sub Section (2) of Section 8

۹۔ دفعہ ۱۶ کی ذیلی دفعہ (۴) کے بعد اضافہ
Addition after Sub Section (4) of Section 16
۱۰۔ دفعہ ۲۳ کی ذیلی دفعہ (۴) کو ختم کرنا
Omission of Sub Section (4) of the Section 23

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۹۹

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1999

سندھ شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۹

THE SINDH URBAN IMMOVABLE PROPERTY TAX (AMENDMENT) ORDINANCE, 1999

[۲۷ مارچ ۱۹۹۹]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس ایکٹ، ۱۹۵۸ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ توسط سے شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس ایکٹ، ۱۹۵۸ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ سندھ اسیمبلی کا سیشن جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطلمئن ہے کے موجودہ صورتحال میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کے تحت سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and

commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس ایکٹ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۹ کہا جائے گا۔
(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۵۸ کے سندھ ایکٹ میں دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act of 1958

۲۔ سندھ شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس ایکٹ، ۱۹۵۸ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲ میں شق (e) میں، عدد "۱۹۵۸" کے بعد الفاظ "اور کوئی شخص جس کے سلسلے میں اس ایکٹ کے تحت ٹیکس لگانے اور ادائگی کے لیئے کارروائی ہوئی ہے" کو شامل کیا جائے گا۔

ذیلی دفعہ (2-A) کے بعد نئی ذیلی دفعہ کا اضافہ
Insertion of new Sub Section after section (2-A)

۳۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۳ میں:
(i) ذیلی دفعہ (2-A) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:
"(2B)۔ جب تک کچھ ذیلی دفعہ (۲) کی گنجائشوں کے متضاد نہ ہو دفعہ ۷ کے تحت نئی قیمتوں والی فہرست نافذ ہونے پر، حکومت عمارتوں اور زمینوں کی سالانہ قیمت پر ٹیکس وصول، نافذ اور جمع کر سکتی ہے، جو قیمت کے پانچ فیصد سے زائد نہ ہوگی،، جیسے حکومت کی طرف سے بیان کیا گیا ہو۔

ذیلی دفعہ (۴) کو ختم کرنا
Omission of Sub Section (4)

(ii) ذیلی دفعہ (۴) کو ختم کیا جائے گا۔

دفعہ ۴ کی شق (f) کی تبدیلی
Substitution of clause (f) of section 4

۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۴ کی شق (f) کے لیئے مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:
"(f)۔ مساجد، گرجا گھروں، کنیساؤں، مندروں، دھرم شالاؤں، گردواروں، پینے کے پانی کے چشموں، قبرستانوں یا شمشان گھاٹ یا مردوں کے لیئے مخصوص جگہوں کے لیئے استعمال میں آنے والی عمارتیں، زمینیں یا ان کا حصہ۔"

دفعہ 5-A کے بعد نئی دفعہ کا اضافہ
Addition of new section after

۵۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵ کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ 5-A شامل کی جائے گی:

section 5-A

"5-A۔ سالانہ قیمت طے کرنے کے لیئے قیمتوں متعین کرنے والی ٹیبلس۔
جب تک کچہ دفعہ ۵ کی گنجائشوں کے متضاد نہ ہو، ایسی قیمتوں کی ٹیبلس کے بنیاد پر سالانہ قیمت طے کی جا سکتی ہے اور ایسے علاقوں کے لیئے جیسے کوئی اختیاری یا حکومت کی طرف سے بیان کیا گیا ہو۔"۔

دفعہ 7-C کے بعد نئی دفعہ کا اضافہ
Addition of Section after Section 7-C

٦۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 7-C کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:
"7-CC۔ جہاں دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ (2-B) کے تحت ٹیکس لگائی اور جمع کی گئی ہے، کوئی بھی بہتری کی ٹیکس، وہاں سرچارج یا اضافی چارج لگائی یا جمع نہیں کی جائے گی۔"۔

دفعہ ۸ کی ذیلی دفعہ (۲) میں تبدیلی
Substitution in Sub Section (2) of Section 8

۷۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعل ۸ کی ذیلی دفعہ (۲) میں، لفظ "کمشنر" کے لیئے الفاظ "ڈائریکٹر جنرل" کو متبادل بنایا جائے گا۔

دفعہ ۱۶ کی ذیلی دفعہ (۴) کے بعد اضافہ
Addition after Sub Section (4) of Section 16

۸۔ مذکورہ ایکٹ میں دفعہ ١٦ میں، ذیلی دفعہ (۴) کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:
"(۵)۔ جب تک کچھ کسی قانون کے متضاد نہ ہو، اس ایکٹ کے تحت ٹیکس کی مد میں کوئی رقم وصول کرنی یا کوئی جرمانہ لگانا ہے، جو وصول کیا ہوا نہیں، وہ لینڈ روینیو کی بقایاجات کی طور پر وصولی لائق ہوگی۔"۔

دفعہ ۲۳ کی ذیلی دفعہ (۴) کو ختم کرنا
Omission of Sub Section (4) of the Section 23

۹۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۲۳ میں، ذیلی دفعہ (۴) کو ختم کیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔